106

آیات نمبر 68 تا 77 میں اہل کتاب کو تلقین کہ تورات، انجیل اور اس قرآن کو قائم کئے بغیر تمہاری
کوئی حیثیت نہیں۔ یہود کی تاریخ سے حوالہ کہ ان سے عہد لینے کے بعد اس پر عمل درآمد کے لئے
مسلسل رسول آتے رہے لیکن بعض کی تکذیب کی اور بعض کو قتل کیا۔ نصاریٰ کو تنبیہ کہ تثلیث کا
عقیدہ مسیح علیہ السلام کی تعلیمات کے خلاف ہے۔ مسیح علیہ السلام اور ان کی والدہ کے اصل مرتبہ
کی وضاحت اور نصاریٰ کو ناحق غلو اور زیادتی نہ کرنے کی تلقین

قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَیْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ وَ مَاۤ
اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ آپ کہہ دیجئے کہ اے اہل کتاب! تمہاری کوئی وقعت نہیں
جب تک کہ تورات وانجیل اور جو کچھ تمہاری طرف تمہارے رب کی طرف سے نازل کیا گیا اس
کی پابندی نہ کرو وَ لَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّ
كُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٨﴾ اور جو کچھ آپ کی جانب آپ کے رب کی
طرف سے نازل کیا گیا ہے وہ ان میں سے اکثر کی سرکشی اور کفر وانکار میں اضافہ کا موجب ہی ہوگا
سو اے پیغمبر (ﷺ)! آپ ان کافروں کی حالت پر افسوس نہ کیجئے اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ
الَّذِيْنَ هَادُوْا وَ الصّٰبِـُٔوْنَ وَ النَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ عَمِلَ
صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٩﴾ بیشک جو لوگ ایمان لاچکے ہیں یا وہ لوگ
جو یہودی، صابی یا نصاریٰ ہیں ان میں جو کوئی بھی اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان لائے گا اور
نیک اعمال کرتا رہے گا، تو ایسے لوگوں پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے لَقَدْ
اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِیْۤ اِسْرَآءِيْلَ وَ اَرْسَلْنَاۤ اِلَيْهِمْ رُسُلًا ؕ بیشک ہم نے بنی اسرائیل سے
پختہ عہد لیا تھا اور اسکی یاددہانی کے لئے ان کی طرف بہت سے رسول بھی بھیجے كُلَّمَا جَآءَهُمْ
رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰۤى اَنْفُسُهُمْ ۙ فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَ فَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ﴿٧٠﴾ جب بھی کوئی

رسول ان کی خواہشات نفس کے خلاف حکم لے کر آیا تو انہوں نے بعض رسولوں کی
تکذیب کی اور بعض کو قتل کر ڈالا وَ حَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَ صَمُّوْا ثُمَّ
تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَ صَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ؕ وَ اللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا
يَعْمَلُوْنَ ﴿۷۱﴾ اور انہوں نے یہ گمان کر لیا تھا کہ کوئی پکڑ نہ ہوگی، پس وہ اندھے اور بہرے
بن گئے، پھر اللہ نے ان پر توجہ فرمائی اور ان کی توبہ قبول کرلی مگر پھر ان میں سے بہت سے
لوگ اندھے اور بہرے بن گئے، اور اللہ پوری طرح دیکھتا اور جانتا ہے ان سب کاموں کو
جو یہ لوگ کر رہے ہیں لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ
مَرْيَمَ ؕ وَ قَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَ رَبَّكُمْ ؕ حقیقت
یہ ہے کہ ان لوگوں نے کفر کیا جنہوں نے کہا کہ مسیح ابن مریم ہی اللہ ہے حالانکہ خود مسیح
(علیہ السّلام) نے تو یہ کہا تھا کہ اے بنی اسرائیل! اللہ ہی کی عبادت کرو جو میرا بھی رب ہے
اور تمہارا بھی رب ہے اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَ
مَاْوٰىهُ النَّارُ ؕ وَ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۷۲﴾ یقین مانو کہ جو شخص اللہ کے ساتھ کسی
کو شریک کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے اس پر جنت حرام کر دی ہے، اس کا ٹھکانا جہنم ہی ہے
اور ایسے ظالموں کا کوئی بھی مددگار نہ ہوگا لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ
ثَلٰثَةٍ ۘ وَ مَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ بیشک ایسے لوگ بھی کافر ہوگئے ہیں جنہوں
نے کہا کہ "اللہ تین میں سے تیسرا ہے" حالانکہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں وَ اِنْ
لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۳﴾ اگر
یہ لوگ اپنی ان باتوں سے باز نہ آئے تو ان میں سے کفر پر قائم رہنے والوں کو دردناک

عذاب پہنچے گا اَفَلَا یَتُوْبُوْنَ اِلَی اللّٰهِ وَ یَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۷۴﴾
یہ لوگ کیوں اللہ کے حضور توبہ نہیں کرتے اور کیوں اس سے بخشش طلب نہیں کرتے ؟
اللہ تعالیٰ تو بہت ہی بخشنے والا اور ہر وقت رحم کرنے والا ہے مَا الْمَسِیْحُ ابْنُ مَرْیَمَ
اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ وَ اُمُّهٗ صِدِّیْقَةٌ ؕ كَانَا یَاْكُلٰنِ
الطَّعَامَ ؕ مسیح ابن مریم تو صرف ایک رسول تھے، ان سے پہلے اور بھی بہت سے رسول
گزر چکے ہیں، اور ان کی ماں ایک بڑی ہی پاکیزہ اور راست باز خاتون تھیں وہ دونوں کھانا
کھایا کرتے تھے یہ سب کچھ اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ ہر طرح انسان ہی تھے اُنْظُرْ
كَیْفَ نُبَیِّنُ لَهُمُ الْاٰیٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى یُؤْفَكُوْنَ ﴿۷۵﴾ دیکھو ہم ان کے لئے کس
طرح اپنی آیات کھول کھول کر بیان کرتے ہیں ، پھر دیکھو یہ لوگ کدھر الٹے پھرے
جارہے ہیں قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا یَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّ لَا نَفْعًا ؕ وَ
اللّٰهُ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۷۶﴾ آپ کہہ دیجئے کہ کیا تم اللہ کے سوا ان کی عبادت کرتے
ہو جو نہ تمہارے کسی نقصان کے مالک ہیں نہ کسی نفع کے، اللہ ہی سب کی سننے والا اور سب
کچھ جاننے والا ہے قُلْ یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِیْ دِیْنِكُمْ غَیْرَ الْحَقِّ وَ لَا
تَتَّبِعُوْۤا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَ اَضَلُّوْا كَثِیْرًا وَّ ضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ
السَّبِیْلِ ﴿۷۷﴾ ع آپ کہہ دیجئے اے اہل کتاب! اپنے دین میں ناحق غلو اور زیادتی نہ کرو اور
ان لوگوں کی نفسانی خواہشات کی پیروی نہ کرو جو پہلے خود بھی گمراہ ہوئے اور بہت سے
دوسرے لوگوں کو گمراہ کر چکے ہیں اور وہ لوگ آج بھی سیدھی راہ سے بھٹکے ہوئے ہیں

رکوع [۱۰]

[# 106]

In Verses 68 to 77 The People of the Book are reminded that they have no status unless they uphold the Torah, and the Gospel. The Christians are cautioned about their belief in the Trinity, which is against the teachings of Jesus. Clarity is provided regarding the true status of Jesus and his mother. Christians are advised against unwarranted exaggeration and excesses in their beliefs.

قُلۡ يٰۤاَهۡلَ الۡكِتٰبِ لَسۡتُمۡ عَلٰى شَىۡءٍ حَتّٰى تُقِيۡمُوا التَّوۡرٰٮةَ وَالۡاِنۡجِيۡلَ وَمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡكُمۡ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ‌ ؕ

[O prophet!] Say, "O People of the Scripture, you have no standing until you uphold [the law of] the Torah, the Gospel, and what has been revealed to you from your Lord."

وَ لَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ
طُغْيَانًا وَّ كُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٨﴾

And [O Prophet!] what has been revealed to you from your Lord, that shall increase in most of them their obstinate rebellion and disbelief. So do not grieve over the disbelieving people.

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ الَّذِيْنَ هَادُوْا وَ الصّٰبِـُٔوْنَ وَ
النَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ عَمِلَ صَالِحًا
فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٩﴾

Indeed, those who believe, and those who are Jews, Sabian's, and Christians - whoever [among them truly] believes in Allah and the Last Day and does righteousness - there will be no fear upon them, nor shall they grieve.

لَقَدْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ وَ اَرْسَلْنَآ اِلَیْهِمْ رُسُلًاؕ

[As to Jews] Indeed, We have taken a covenant with the Children of Israel. And We sent to them messengers [to guide them].

كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓی اَنْفُسُهُمْۙ فَرِیْقًا كَذَّبُوْا وَ فَرِیْقًا یَّقْتُلُوْنَۗ﴿۷۰﴾

Whenever a Messenger came to them with [anything] that they disliked-- some of the messengers were denied, while some of them were killed.

وَ حَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَ صَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ
عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَ صَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ؕ وَ اللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا
يَعْمَلُوْنَ ﴿۷۱﴾

And they assumed there would be no consequence, so they became blind and deaf [to Our guidance]. Then Allah granted them repentance. Then again many of them became blind and deaf. And Allah is well-aware of what they do.

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ
مَرْيَمَ ؕ وَ قَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ
رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ؕ

[And as to Christians] Very truly they have disbelieved who say, "Allah, Himself is the Messiah, the son of Mary" while the Messiah [himself] has said, "O Children of Israel, worship Allah, my Lord and your Lord.

اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَ
مَاْوٰىهُ النَّارُ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۷۲﴾

Indeed, anyone who associates gods with Allah - Allah has prohibited for him Paradise, and his abode shall be the Fire [of hell]. And for wrongdoers there shall be no helpers.

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِیْنَ قَالُوْۤا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ
اِلَّاۤ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ

They are certainly disbelievers who say: ‘Allah is the third of three [in a trinity], whereas there is none worthy of worship except the One God.

وَ اِنْ لَّمْ یَنْتَهُوْا عَمَّا یَقُوْلُوْنَ لَیَمَسَّنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا
مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۝۷۳

And If they do not desist from what they are saying, a painful punishment shall certainly befall the disbelievers among them.

اَفَلَا یَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَ یَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ
رَّحِیْمٌ ۝۷۴

Why do these people not repent to Allah and seek His forgiveness? Indeed, Allah is ever Forgiving, Most Merciful.

مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ وَ اُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ؕ كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ؕ

Indeed, Messiah, the son of Mary, was but a messenger. Many messengers had passed away before him. And his mother was a truthful woman. They both used to eat food.

اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۷۵﴾

Look how We make clear to them our signs, then look [again] how are they turned away [from the truth].

قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّ لَا
نَفْعًا ؕ وَ اللّٰهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٧٦﴾

Say, 'Do you worship someone apart from Allah, which holds neither harm nor benefit for you, while Allah is He who is the All-Hearing, All-Knowing.

قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَ لَا
تَتَّبِعُوْۤا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا
وَّ ضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿٧٧﴾ؑ رکوع[١٠]

Say, 'O People of the Book, do not exceed limits in your religion beyond the truth, and do not follow the whims of a people who had gone astray before [you], For they have misled many and they [themselves] have lost the right path.